گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 5 ستمبر 2025

# ہر 5 میں سے 1 (21%) پاکستانی تنازعات کے حل کیلئے جرگوں یا غیر رسمی/ روایتی کونسلوں پر انحصار کرتے ہیں، جوکہ روایت/ ثقافت پر اعتبار اورباضابطہ انصاف تک رسائی میں کمی کو ظاہر کرتا ہے۔جبکہ اکثریت (78%) ،کا کہنا ہے کہ وہ ایسے کسی طریقوں پرانحصار نہیں کرتے۔






اکثر خاندان یا برادریوں میں ہونے والے تنازعات / لڑائی جھگڑے جرگہ یا کسی غیر رسمی طریقہ کار سے حل کرائے جاتے ہیں۔ کیا آپ یا آپ کے خاندان کا کبھی کسی جرگے میں معاملہ چلا ہے ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

معاشرہ اور جرائم

**امن وامان**

جرگہ/روایتی کونسل

## ہر 5 میں سے 1 (21%) پاکستانی تنازعات کے حل کیلئے جرگوں یا غیر رسمی/روایتی کونسلوں پر انحصار کرتے ہیں، جو کہ روایت/ ثقافت پر اعتبار اور باضابطہ انصاف تک رسائی میں کمی کو ظاہر کرتا ہے۔ جبکہ اکثریت (78%) کا کہنا ہے کہ وہ ایسے کسی طریقوں پر انحصار نہیں کرتے۔

**(گیلپ &گیلانی سروے)**


(اسلام آباد)، 05 ستمبر 2025

گیلپ &گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 5 میں سے 1 (21%) پاکستانیوں کے مطابق اُن کے یا اُن کے گھرانے کے تنازعات جرگے یا دیگر غیر رسمی/روایتی کونسلوں کے ذریعے حل کیے جاتے ہیں۔ یہ انحصار ثقافتی روایتوں اور باضابطہ انصاف تک رسائی میں کمی دونوں کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کے برعکس، اکثریت (78%) کا کہنا ہے کہ وہ ایسے کسی طریقوں پر انحصار نہیں کرتے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" اکثر خاندان یا برادریوں میں ہونے والے تنازعات/لڑائی جھگڑے جرگہ یا کسی غیر رسمی طریقہ کار سے حل کرائے جاتے ہیں۔ کیا آپ یا آپ کے خاندان کا کبھی کسی جرگے میں معاملہ چلا ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 21% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" اُن کے یا اُن کے گھرانے کے تنازعات جرگے یا دیگر غیر رسمی/ روایتی کونسلوں کے ذریعے حل کیے جاتے ہیں، جبکہ 78% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" وہ ایسے کسی طریقوں پر انحصار نہیں کرتے۔ تاہم 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

سروے کے نتائج سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ پاکستان میں جرگے آج بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ زیادہ تر لوگ ان پر انحصار نہیں کرتے، مگر ہر پانچ میں سے تقریباً ایک شخص اب بھی ان روایتی نظاموں کی طرف رجوع کرتے ہیں، یہ رجحان ایک طرف تو تنازعات کے حل میں روایتی ترجیحات کو اجاگر کرتا ہے اور دوسری طرف باضابطہ انصاف تک رسائی، اخراجات یا اس پر اعتماد میں مستقل کمی کو ظاہر کرتا ہے۔ پالیسی سازوں کو چاہیے کہ وہ عدالتی نظام کو بہتر بنائیں تاکہ عام لوگوں تک اس کی رسائی کو بڑھایا جا سکے۔

**"اکثر خاندان یا برادریوں میں ہونے والے تنازعات/لڑائی جھگڑے جرگہ یا کسی غیر رسمی طریقہ کار سے حل کرائے جاتے ہیں۔ کیا آپ یا آپ کے خاندان کا کبھی کسی جرگے میں معاملہ چلا ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1060 خواتین اور مرد حضرات سے 02 اگست تا 21 اگست 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2% ± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 05 September 2025**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)